ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس پر ریفرنڈم

آسٹریلیا کے لوگ بہت سے مختلف علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں، کئی مذاہب کے پیروکار ہیں اور کئی زبانیں بولتے ہیں۔ ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر اقوام آسٹریلیا کے فرسٹ پیپلز (اوّلین اقوام) ہیں اور یہ 65,000 سال سے زیادہ عرصے سے یہاں بس رہی ہیں۔ لیکن آسٹریلیا کا آئین ان کی منفرد حیثیت کو تسلیم نہیں کرتا۔ اس لیے اس سال آگے چل کر ہمیں ایک ریفرنڈم کے ذریعے اپنے آئین میں تبدیلی پر غور کرنے کا موقع ملے گا۔ تمام آسٹریلینز کو یہ طے کرنے کا موقع ملے گا کہ ہمارے آئین میں ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر اقوام کو ایک وائس کے ذریعے تسلیم کیا جائے جو یہ یقینی بنائے گی کہ انہیں متاثر کرنے والے معاملات میں ان کی رائے سنی جائے گی۔

دلوں کی ترجمان الورو سٹیٹمنٹ (Uluru Statement from the Heart) سے کیا مراد ہے؟

مئی 2017 میں 250 سے زیادہ ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر افراد نے 'دلوں کی ترجمان الورو سٹیٹمنٹ' جاری کی۔ یہ سٹیٹمنٹ تقاضا کرتی ہے کہ تمام آسٹریلیا کے لیے ایک بہتر مستقبل تشکیل دیا جائے اور ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس کو آسٹریلین آئین کا حصہ بنایا جائے۔

ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس سے کیا مراد ہے؟

ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس سے مراد ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر افراد کے لیے ایسا طریقہ ہے جس سے وہ خودکو متاثر کرنے والے قوانین اور پالیسیوں کے متعلق حکومت کی رہنمائی کریں۔

ریفرنڈم سے کیا مراد ہے؟

ریفرنڈم میں ووٹروں سے ایک سوال یا سوالات کا جواب ہاں یا نہیں میں دینے کو کہا جاتا ہے۔ آسٹریلیا کے آئین کو بدلنے کا واحد طریقہ ریفرنڈم کا انعقاد ہے۔

ریفرنڈم میں کون ووٹ دے سکتا ہے؟

صرف وہ لوگ ریفرنڈم میں حصہ لے سکتے ہیں جو بطور ووٹر انرولڈ (درج) ہوں۔ انرولڈ ووٹروں کے لیے ریفرنڈم میں ووٹ دینا لازمی ہے۔

ریفرنڈم میں ووٹ دینے کا طریقہ کیا ہے؟

ریفرنڈم الیکشن کی طرح ہوتا ہے۔ پولنگ کے دن آپ پولنگ سٹیشن میں جا کر بیلیٹ پیپر پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

ریفرنڈم کا فیصلہ کیسے ہوتا ہے؟

ریفرنڈم کے کامیاب ہونے کے لیے دوہری اکثریت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کم از کم چار سٹیٹس میں ووٹوں کی اکثریت اور پورے آسٹریلیا میں ووٹوں کی اکثریت تبدیلی کے حق میں ہو۔

ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس پر ریفرنڈم کب ہو گا؟

ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس پر ریفرنڈم اس سال آگے چل کر ہو گا۔

ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس پر ریفرنڈم میں کیا سوال پوچھا جائے گا؟

"ایک مجوّزہ قانون: آئین میں تبدیلی کے ذریعے ایک ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس قائم کر کے آسٹریلیا کے فرسٹ پیپلز کو تسلیم کیا جائے۔ کیا آپ اس مجوّزہ تبدیلی کو منظور کرتے ہیں؟"

یہ معلوماتی پرچہ کس نے تیار کیا ہے؟

یہ معلوماتی پرچہ ان کی مشترکہ کوشش سے تیار کیا گیا تھا: Life Without Barriers، Reconciliation Australia، SNAICC – National Voice for our children، Yes Alliance اور Polaron Language Services۔ یہ پارٹنرشپ ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر وائس کے متعلق قابلِ رسائی معلومات تیار کرنے کے لیے تشکیل دی گئی تھی۔

مزید معلومات

www.lwb.org.au

Tabatha Feher, Life Without Barriers, L6, 107 Pitt St, Sydney, NSW سے آتھرائزیشن کی